# 19-12-2024  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں:

۱۔اینٹی کرپشن بیورو نے فارمولہ ای۔کار ریس معاملہ میں سابق وزیر اور بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ کے خلاف مقدمہ درج کرلیا ہے۔

۲۔ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ سابقہ بی آر ایس حکومت نے مختلف کارپوریشنس کی جانب سے لئے گئے قرضوں کو چھپا کر عوام کو گمراہ کیا۔

۳۔چیف منسٹر ریونت ریڈی نے اوٹر رنگ روڈ کے ٹول کنٹراکٹ کی تحقیقات کے لئے خصوصی تحقیقاتی ٹیم تشکیل دینے کا اعلان کیا ہے۔

اور

۴۔میڑچل ملکا جگری ضلع میں چرلہ پلی کے قریب چرلہ پلی ریلوے ٹرمینل کا افتتاح اس مہینہ کی 28 تاریخ کو کیا جائے گا۔

○○

ریاستی حکومت حیدرآباد میں پرسوں ایل بی اسٹیڈیم پر کرسمس تہوار کے سلسلہ میں تقاریب کا اہتمام کرے گی۔حکومت کے مشیر محمد علی شبیر اور کرسچن فینانس کارپوریشن کے چیرمین دیپک جان کوکڑن نے مختلف محکموں کے عہدیداروں کے ساتھ ایک اجلاس میں تقاریب کی تیاریوں کو قطعیت دی۔اس اجلاس میں پولیس،جی ایچ ایم سی،ریونیو،آر اینڈ بی،انفارمیشن اینڈ پبلک ریلیشن،الکٹرسٹی،ٹی جی آر ٹی سی اور دیگر محکمہ کے عہدیداروں نے شرکت کی۔ریاستی حکومت کی جانب سے منعقد کی جانے والی اس تقریب میں چیف منسٹر ریونت ریڈی،ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ اور دیگر وزرأ شرکت کریں گے۔اس سرکاری بیان میں بتایا گیا کہ 30 حلقوں سے تقریباً 10 ہزار عیسائی ان تقاریب میں شرکت کریں گے۔جی ایچ ایم سی کے حدود میں 200 مقامات پر اور 95 دیہی اسمبلی حلقوں میں بھی ایسی ہی تقاریب منعقد کی جائیں گی۔

○○

بھارت راشٹر سمیتی کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے کانگریس کے لیڈر راہول گاندھی پر الزام لگایا ہے کہ وہ صنعتکار گوتم اڈانی کے معاملہ میں دوہرا موقف اختیار کررہے ہیں۔راہول گاندھی کے نام ایک مکتوب میں کے ٹی آر نے اڈانی کے خلاف قومی سطح پر کانگریس کی کڑی تنقید اور تلنگانہ میں چیف منسٹر ریونت ریڈی کی زیر قیادت حکومت کے اقدامات کے درمیان تضاد کو اجاگر کیا۔انہوں نے الزام لگایا کہ کانگریس پارٹی قومی سطح پر اڈانی پر تنقید کررہی ہے لیکن تلنگانہ میں اس کی قیادت اڈانی گروپ کی سرمایہ کاری کے لئے راہ ہموار کررہی ہے۔انہوں نے کل چیف منسٹر اور ٹی پی سی سی لیڈرس کی جانب سے منعقدہ چلوراج بھون پروگرام پر بھی سوال اٹھایا۔

○○

تلنگانہ کے مشہور لوک فنکار موگی لیا آج ورنگل میں چل بسے۔انہوں نے تلگو فلم بلگم میں اپنے جذباتی گیت سے شہرت حاصل کی تھی۔وہ 67 سال کے تھے۔ وہ کچھ عرصہ سے گردوں کے عارضہ میں مبتلا تھے اور ایک سرکاری دواخانہ میں زیرعلاج تھے۔بلگم کے ڈائرکٹر وینو، فلم کی یونٹ اور تلنگانہ حکومت کی جانب سے مالی مدد کے باوجود حالیہ دنوں میں موگی لیا کی صحت نے گراوٹ آئی۔وہ آج صبح چل بسے۔چیف منسٹر ریونت ریڈی نے موگی لیا کے دیہانت پر اپنی تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ موگی لیا نے لوک فن کو عام بنانے میں اہم رول ادا کیا۔

○○

جی گائتری پرساد نے آج بھارت ڈائنامک لمیٹڈ کے ڈائرکٹر فینانس کی حیثیت سے جائزہ حاصل کرلیا۔اس سے قبل وہ بی ڈی ایل کے جنرل منیجر فینانس اور سی ایف او کی حیثیت سے خدمات انجام دے چکے ہیں۔گائتری پرساد نے ناگرجنا یونیوسٹی سے کامرس میں گریجویشن کیا۔وہ انسٹیٹیو آف کاسٹ اکاؤنٹینٹ آف انڈیا کے اسوسی ایٹ ممبر ہیں۔وہ 1997ء میں مینجمنٹ ٹرینی کی حیثیت سے بی ڈی ایل میں شامل ہوئے اور اپنے 27 سالہ کیریئر میں انہوں نے مختلف عہدوں پر خدمات انجام دیں۔

○○

ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ سابقہ بی آر ایس حکومت نے مختلف کارپوریشنس کی جانب سے لئے گئے قرضوں کو چھپا کر عوام کو گمراہ کیا۔اسمبلی میں آج ریاست کی مالی صورتحال پر مباحث کے دوران انہوں نے بی آر ایس کے دور حکومت میں لئے گئے قرضوں کی تفصیل پیش کی۔انہوں نے کہا کہ قرضوں کا حقیقی بوجھ حکومت کی جانب سے بتائے گئے اعداد وشمار کے مقابلہ کہیں زیادہ تھا۔ڈپٹی چیف منسٹر نے کہا کہ کانگریس حکومت نے اقتدار پر آنے کے بعد سے 52 ہزار کروڑ روپے کے قرضے لئے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ریاست کے قرضہ اس وقت 6.71 لاکھ کروڑ روپے ہیں۔انہوں نے کہا کہ بی آر ایس حکومت 40 ہزار 150 کروڑ روپے کے بلز واجب الاد تھیں۔اگر اس کو ملایا جائے تو ریاست کے جملہ قرضے 7.19 لاکھ کروڑ روپے ہیں۔انہوں نے الزام لگایا کہ بی آر ایس کی قیادت ریاست کے قرضوں کے بارے میں غلط اطلاعات پھیلا رہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ بی آر ایس نے گزشتہ 10 سال کے دوران 7 لاکھ کروڑ سے زیادہ کے قرضے لئے لیکن دعویٰ کیا کہ صرف 4 لاکھ کروڑ روپے کے قرضے لئے گئے ہیں۔انہوں نے سابق وزیر فینانس ہریش راؤ کے الزامات کو مسترد کردیا۔

○○

مرکزی ہیلتھ سکریٹری پی ایس سریواستو نے کہا ہے کہ صحت اور معیاری تعلیم کے شعبوں میں سرمایہ کاری ضروری ہے تاکہ ملک ترقی کی راہ پر آگے بڑھ سکے۔انہوں نے دہلی میں سالانہ ہیلتھ سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں طبی خدمات کو سستا بنانے کے لئے خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر شہری کے لئے طبی خدمات کو سستی بنانے اور ان خدمات تک رسائی کو یقینی بنانے کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ طبی خدمات کا شعبہ 2047ء تک بھارت کو ترقی یافتہ ملک بنانے کے ویژن کا اہم جز ہے۔انہوں نے صنعتکاروں سے اپیل کی کہ وہ بھارت کو ٹی بی سے پاک کرنے کے لئے حکومت کے ساتھ تعاون کریں۔

○○

تلنگانہ ہائی کورٹ کے وکلاء نے ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کے خلاف مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ کے توہین آمیز ریمارکس کے خلاف آج ہائی کورٹ میں دوپہر کے کھانے کے وقفہ کے دوران دھرنا منظّم کیا۔تلنگانہ ہائی کورٹ ایڈوکیٹس اسوسی ایشن کے سابق صدر پونم اشوک گوڑ نے احتجاج کی قیادت کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر امبیڈکر کے خلاف ایسے اہانت آمیز ریمارکس کو برداشت نہیں کیا جاسکتا۔انہوں نے وزیراعظم نریندر مودی سے مطالبہ کیا کہ وہ امیت شاہ کو مرکزی کابینہ سے برطرف کریں۔

○○

اینٹی کرپشن بیورو نے فارمولہ ای۔کار ریس معاملہ میں سابق وزیر اور بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ کے خلاف مقدمہ درج کرلیا ہے۔اے سی بی نے سینئر آئی اے ایس عہدیدار اور اس وقت کے ایچ ایم ڈی اے کے کمشنر اروند کمار اور ایچ ایم ڈی اے کے چیف انجینئر بی ایل این ریڈی کے خلاف بھی مقدمات درج کئے ہیں۔اے سی بی نے کے ٹی آر کو ملزم نمبر ایک، اروند کمار کو ملزم نمبر 2 اور بی ایل این ریڈی کو ملزم نمبر 3 قرار دیا ہے۔گزشتہ سال اس وقت کی بی آر ایس حکومت نے حیدرآباد میں فارمولہ ای۔کار ریس منعقد کی تھی۔اِس مقابلہ کے انعقاد میں مالی بے قاعدگیوں کے الزامات لگائے گئے ہیں۔ریاستی حکومت کی درخواست پر گورنر جشنو دیو ورما نے چند دن قبل کے ٹی آر پر مقدمہ چلانے کی اجازت دی تھی۔

○○

میڑچل ملکاجگری ضلع میں چرلہ پلی کے قریب چرلہ پلی ریلوے ٹرمینل کا افتتاح اس مہینہ کی 28 تاریخ کو کیا جائے گا۔مرکزی وزیر ریلوے اشونی ویشنو اور مرکزی وزیر کوئلہ کشن ریڈی اِس افتتاحی تقریب کی صدارت کریں گے۔یہ ریلوے ٹرمینل 430 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کیا گیا ہے۔اس میں 9 پلاٹ فارمس، 6 اسکیلیٹرس، 2 فوڈ او ور برجس، ٹکٹ ریزرویشن کاؤنٹر اور جنرل ٹکٹ کاؤنٹرس بنائے گئے ہیں۔مسافرین کے لئے فراہم کی گئی سہولتوں میں ریسٹورنٹ، فوڈ کوٹ، اے سی اور نان اے سی ویٹنگ لانجس شامل ہیں۔مسافرین کو مفت وائی فائی خدمات بھی دستیاب ہوں گی۔اس ٹرمینل کا مقصد سکندرآباد ریلوے اسٹیشن پر مسافرین کا بوجھ کم کرنا ہے۔

○○

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے اوٹر رنگ روڈ کے ٹول کنٹراکٹ کی تحقیقات کے لئے خصوصی تحقیقاتی ٹیم تشکیل دینے کا اعلان کیا ہے۔انہوں نے آج اسمبلی میں بی آر ایس کے لیڈر اور سابق وزیر ہریش راؤ کی درخواست پر سِٹ قائم کرنے کا اعلان کیا۔چیف منسٹر نے کہا کہ ہم ہریش راؤ کی خواہش کے مطابق تمام اراکین کی منظوری کے ساتھ تحقیقات کا حکم دے رہے ہیں۔چیف منسٹر نے کہا کہ کابینہ میں غور وخوص کے بعد طریقہ کار وضع کیا جائے گا۔

○○

تلنگانہ ٹورازم ڈیولپمنٹ کارپوریشن نے قومی اور بین الاقوامی سیاحوں کو راغب کرنے کے لئے نئی مساعی شروع کی ہے۔وزیر سیاحت و ثقافت جوپلی کرشنا راؤ نے شمس آباد کے راجیو گاندھی انٹرنیشنل ایرپورٹ پر تلنگانہ ٹورازم انفارمیشن سنٹر کا افتتاح کیا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ حکومت ریاست میں سیاحتی شعبہ کو فروغ دینے کی پابند ہے۔